**06.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمندعلی خان

**Music**

-------------------------------

☆ آسام، کیرالم اور پدوچیری میں چناؤ مہم آخری مراحل میں ہے اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

☆ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ آسام میں لگاتار تیسری بار BJP کی سرکار بنے گی۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے پدوچیری کو مکمل ریاست کا درجہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ سرکار نے سپاہیوں کو حفظانِ صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔

☆ BJP آج اپنا 47واں یومِ تاسیس منا رہی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارٹی نے بھارتی سیاست میں ''ملک پہلے'' کا نیا اصول قائم کیا ہے۔

☆ ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اِس دھمکی کے بعد جوابی حملوں کی وارننگ دی ہے کہ اگر ایران آبنائے ہُرمز کو کل تک دوبارہ کھولنے میں ناکام رہا تو ایران کے بجلی گھروں اور پُلوں پر مزید حملے کئے جائیں گے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام کولکاتا میں کولکاتا نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**CAMPAIGNING ASSEMBLY POLLS**

آسام، کیرالم اور پدوچیری میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔ اِن دونوں ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقے میں آسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم کل ختم ہورہی ہے۔ آسام،

کیرالم اور پدوچیری میں پولنگ ایک ہی مرحلے میں جمعرات کو ہوگی۔ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج صبح آسام کے Barpeta میں ایک بڑے جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ آسام میں گزشتہ دس سال امن اور ہم آہنگی قائم کرنے کیلئے وقف تھے اور آنے والے برسوں میں آسام کی خوشحالی میں اضافہ ہوگا۔

**1400 PM Atmnirbhar Assam**

اِدھر کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی نے آج پدوچیری میں Lawspet کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ اُن کی پارٹی نے پدوچیری کو مکمل ریاست کا درجہ دینے کا تہیہ کررکھا ہے۔ جناب راہل گاندھی نے بے روزگار نوجوانوں کو دو ہزار روپے ماہانہ کی امداد، سرکاری اور پرائیویٹ شعبوں میں 30 ہزار نئی ملازمتیں دستیاب کرانے اور پدوچیری کی بسوں میں خواتین کیلئے مفت سفر کی سہولت فراہم کرنے کا وعدہ کیا۔ مغربی بنگال میں بھی مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر ایک دوسرے پر الزامات اور جوابی الزامات لگا رہے ہیں اور رائے دہندگان کو راغب کرنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

اِدھر پولیس نے کولکاتا میں مبینہ طور پر توڑپھوڑ میں ملوث ہونے کی بنا پر Behala Paschim سے ترنمول کانگریس امیدوار رتنا چٹوپادھیائے کے خلاف FIR درج کی ہے۔BJP کی شکایت کے بعد یہ FIR درج کرائی گئی ہے، جس میں یہ الزام لگایا گیا تھا کہ ترنمول کانگریس کے کارکنوں اور حامیوں نے علاقے میں پارٹی دفتر پر حملہ کیا اور وہاں توڑپھوڑ کی۔ BJP کی شکایت کے مطابق ترنمول کانگریس کے کئی کارکن BJP دفتر میں گھس گئے تھے اور اُنہوں نے وہاں پوسٹر اور بینرس کو پھاڑ دیا۔ CCTV فوٹیج میں بھی اِس حملے کی تصویریں سامنے آئی ہیں۔×

**<u>CONSTITUENCY PROFILE</u>**

انتخابی حلقوں سے متعلق ہماری سیریز میں آج ہم کیرالم میں Dharmadam اسمبلی حلقے پر توجہ مرکوز کریں گے۔ اِس حلقے میں آئندہ اسمبلی انتخابات میں پانچ رُخی مقابلہ رہے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Smithy**

*کیرالم کے Kannur ضلعے کے Dharmadam اسمبلی حلقے سے پانچ امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ CPM کے لیڈر اور کیرالم کے وزیراعلیٰ پینارائی وِجین LDF کے امیدوار ہیں۔ انڈین نیشنل کانگریس کے وی پی عبدالرشید UDF کے امیدوار ہیں۔ BJP نے K.Ranjith کو NDA کا امیدوار بنایا ہے۔ دو آزاد امیدوار بھی Dharmadam سیٹ سے چناؤ لڑرہے ہیں۔ 2021 کے چناؤ میں پینارائی وِجین نے انڈین نیشنل کانگریس کے C.Raghunathan کو 50 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے ہرایا تھا۔ 2016 میں پینا رائی وِجین 36 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے چناؤ جیتے تھے۔ Dharmadam میں کُل دو لاکھ 6 ہزار ووٹر ہیں، جن میں ایک لاکھ سے زیادہ*

خواتین ووٹر شامل ہیں۔

ترواننت پورم سے **Smithy M Palluruthy** کی رپورٹ کے اردوں خبروں کیلیے میں......

**RS-OATH**

راجیہ سبھا کے چیئرمین سی-پی-رادھا کرشنن نے آج ایوانِ بالا کے نئے منتخب ارکان کو حلف دلایا۔ مرکزی وزیرِمملکت رام داس اَٹھاولے اور **NCP (SCP)** کے سرکردہ لیڈر شرد چندر پوار نے راجیہ سبھا کے ممبر کی حیثیت سے حلف لیا۔ یہ دونوں ہی رہنما مہاراشٹر سے ایوان کیلئے دوبارہ منتخب ہوئے ہیں۔ راجیہ سبھا کے چیئرمین نے **Santrupt Mishra**، منموہن **Samal**، ڈاکٹر جیوتی ناگ ناتھ واگھ مارے، رام راؤ سکھارام **Wadkute** نیز دیگر نئے منتخب ارکان کو بھی حلف دلایا۔×

**RAJNATH RAISING DAY**

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک کے سپاہیوں کو حفظانِ صحت کی بہترین سہولت فراہم کرنا سرکار کی اوّلین ترجیح رہی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ سپاہی دن رات، ناموافق موسم کے حالات میں، نیز ہر طرح کی صورتحال میں ملک کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے آج نئی دِلی میں آرمی میڈیکل **Corps** کے یومِ تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیرِ دفاع نے ملک کے دیگر حصوں میں بھی ریسرچ اور **Referral** اسپتال جیسی سہولیات کو فروغ دینے پر زور دیا، تاکہ سکیورٹی اہلکاروں کو ملک کے ہر حصے میں بہتر طبی سہولیات مل سکیں۔

**Byte: Rajnath Singh**

اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ملٹری نرسنگ سروس کی نرسوں کو ابھی تک ریٹائرمنٹ کے بعد سابق فوجیوں کا درجہ نہیں دیا گیا تھا، جبکہ وہ میڈیکل فورسز کی اہم حصہ ہیں۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ سرکار نے اُنہیں سابق فوجیوں کا درجہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔×

**PM-HM-BJP FOUNDATION**

**BJP** آج اپنا 47واں یومِ تاسیس منا رہی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور امت شاہ اور پارٹی کے صدر نتن نبین سمیت دیگر سرکردہ پارٹی رہنماؤں نے اِس موقع پر **BJP** کارکنوں کو مبارکباد دی ہے۔ آسام میں ایک چناوٴ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ ’’بھارت پہلے‘‘ کے اصول سے رہنمائی حاصل کی ہے اور وہ معاشرے کی خدمت کے تئیں عہد بند ہے۔

**1400 PM Foundation Day**

**FADA-AUTO INDUSTRY**

ملک میں آٹو خردہ صنعت میں گزشتہ مالی برس کے دوران دو کروڑ 96 لاکھ 71 ہزار سے زیادہ یونٹوں کی فروخت کے ساتھ 13 اعشاریہ تین صفر فیصد کا اضافہ درج کیا گیا۔ آٹو موبائل ڈیلرس ایسوسی ایشن کی فیڈریشن کے مطابق فروخت سے متعلق یہ اعداد وشمار تین کروڑ کی سالانہ سطح سے کافی قریب ہے، جس کے برعکس یہ سنگ میل محض دو برس پہلے کافی دور نظر آتا تھا۔ ٹریکٹر سب سے زیادہ فروخت کئے جانے والے یونٹوں میں شامل ہے۔ پہلی مرتبہ اِن کے 10 لاکھ یونٹ فروخت ہوئے۔ کمرشیل موٹر گاڑیاں بھی فروخت کی نئی بلندی پر پہنچ گئیں۔×

**SC-PEMA KHANDU**

سپریم کورٹ نے مرکزی جانچ بیورو CBI سے کہا ہے کہ وہ اروناچل پردیش سرکار کی جانب سے دیئے گئے پبلک Contracts میں مبینہ بے ضابطگیوں کی ابتدائی انکوائری کرے۔ الزامات میں وزیر اعلیٰ Pema Khandu اور اُن کے رشتے داروں سے وابستہ کمپنیوں کے ملوث ہونے کی بات کہی گئی ہے۔ عدالت عالیہ نے CBI کو رپورٹ پیش کرنے کیلئے 16 ہفتے کا وقت دیا ہے۔ اِس رپورٹ کے بعد یہ طے کیا جائے گا کہ آیا مکمل آزادانہ تحقیقات کی ضرورت ہے یا نہیں۔ مذکورہ انکوائری میں جنوری 2015 سے لے کر دسمبر 2025 تک دیئے گئے ٹھیکوں کے سلسلے میں چھان بین کی جائے گی۔ ضرورت پڑنے پر CBI اِس مدت سے باہر کے Contracts کی بھی جانچ کرسکتی ہے۔

عدالت عالیہ نے ریاستی سرکار اور اُس کے متعلقہ محکمے کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ CBI کے ساتھ تعاون کریں اور چار ہفتے کے اندر اندر سبھی متعلقہ ریکارڈس دستیاب کرائیں اور اِس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی ریکارڈ ضائع نہ کیا جائے۔ اِس کے علاوہ چیف سکریٹری، CBI کے ساتھ تال میل کیلئے ایک ہفتے کے اندر اندر ایک رابطہ افسر کا تقرر بھی کریں گے۔×

**JITENDRA-INDIA JAPAN**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے آج کہا ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں بھارت-جاپان اشتراک ملک کے عالمی رابطوں کے سلسلے میں مضبوط ستونوں میں ایک ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی اور اختراع کے تبادلے سے متعلق بھارت-جاپان سال کے گرینڈ فنالے سے ورچوئل وسیلے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بھارت-جاپان کے 40 سال کے باہمی اشتراک اور مختلف شعبوں میں بڑھتے تعاون کو اُجاگر کیا۔ جناب سنگھ نے حالیہ اقدامات کو بھی اُجاگر کیا، جن میں وزیراعظم نریندر مودی کے گزشتہ برس جاپان کے دورے کے وقت دستخط کئے گئے معاہدے شامل ہیں۔×

**TRUMP-IRAN**

ایران نے وارننگ دی ہے کہ اگر اُس کے سویلین ٹھکانوں پر دوبارہ حملہ کیا گیا، تو اور زیادہ تباہ کُن جوابی کارروائی کی جائے گی۔ یہ وارننگ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے بجلی کے پلانٹس اور پلوں کو اُس صورت میں تباہ کرنے کی دھمکی کے بعد سامنے آئی ہے، کہ وہ آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولے جانے کی کل تک کی مدت کو پورا کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ ایران کے رہبر اعلیٰ کے مشیر علی اکبر وِلایتی نے کہا ہے کہ Resistance Front آبنائے باب المندیب کو نشانہ بناسکتا ہے، جس سے عالمی توانائی وتجارت کے واحد راستے میں رکاوٹ پیدا ہوسکے۔ ایران نے اہم آبنائے ہرمز کے راستے معمول کے مطابق نقل وحمل کو روک دیا ہے، جس سے عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں اور دنیا بھر میں مہنگائی بڑھنے کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔×

**NEPAL HOLIDAY**

نیپال سرکار نے پٹرولیم کی سپلائی میں رکاوٹ کے تناظر میں سرکار دفاتر اور تعلیمی اداروں میں دو دن کی ہفتے وار چھٹی کا سلسلہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کل کابینہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اِس کا اطلاق آج سے ہوگا۔ ایک دن کی چھٹی کا اضافہ ہونے کے تناظر میں دفاتر کے نظام الاوقات پر نظرثانی بھی کی گئی ہے۔ سرکار نے آج سے دفاتر کیلئے نئے اوقات کا سلسلہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سرکاری دفاتر، سرکاری اداروں اور تعلیمی اداروں کیلئے دفتر کے نئے اوقات صبح 9 بجے سے شام پانچ بجے تک ہوں گے، جبکہ ابھی تک یہ دفاتر صبح 9 بجے سے شام چار بجے تک ہی کُھلے رہتے تھے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں آج شام کولکاتا کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل رات میزبان رائل چیلنجرس بینگلور نے چنئی سُپر کنگس کو 43 رن سے ہرایا تھا۔ رائل چیلنجرس بینگلور کی جانب سے 251 رن کا جیت کا بڑا نشانہ دیا گیا تھا اور چنئی سپر کنگس کی ٹیم 207 رن بناکر آل آوٹ ہوگئی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆